جامعہ سلفیہ ابوبکر اہل حدیث بن خرماں میرپور میں سالانہ کانفرنس

مورخہ 18 اپریل بروز ہفتہ بعد نماز عشاء جامعہ سلفیہ اہل حدیث بن خرماں میر پور آزاد کشمیر میں 10 ویں سالانہ عظیم الشان سیرت تاجدارِ انبیاءؐ ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی، اس کانفرنس کے مہمان خصوصی مولانا شہاب الدین مدنی امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث آزاد کشمیر تھے۔ کانفرنس کی سرپرستی مولانا عبدالعزیز خلیل بانی جامعہ ہذا جبکہ نگرانی مولانا مفتی عبدالغفار سلفی تحصیل میرپور نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض قاری شبیر احمد سلفی مدیر التعلیم جامعہ ہذا نے سرانجام دیئے۔ کانفرنس سے علامہ محمد انس مدنی آف کراچی اور مولانا محمد عثمان شاکر نے خطاب کیا۔

وفیات

ماسٹر اقبال اختر قریشی (بلال ٹاؤن) کو صدمہ

مورخہ 9 اپریل بروز جمعرات ماسٹر اقبال اختر قریشی کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ صوم وصلوۃ کی پابند اور نیک خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

شاہد محمود قریشی و خالد محمود قریشی کو صدمہ

مورخہ 21 اپریل بروز منگل شاہد محمود قریشی و خالد محمود قریشی کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحومہ نیک اور صالحہ خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ گجرات میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

اخلاق احمد (نیلام گھر) محمد صادق و محمد شاکر کو صدمہ

مورخہ 23 اپریل بروز جمعرات اخلاق احمد کے قریبی رشتہ دار محمد صادق کا پوتا اور محمد شاکر کا بیٹا ایک سال کی عمر میں وفات پا گیا۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)